زبان و بیان شستہ اور دلچسپ ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ اصل موضوعِ بحث کے لحاظ سے مقالہ جس قدر جامع ہونا چاہئے تھا اتنا نہیں ہے۔

ملاءِ اعلیٰ از ڈاکٹر اشتیاق حسین صاحب قریشی تقطیع خورد ضخامت ۳۲ صفحات قیمت ۴ر طباعت و کتابت بہتر پتہ :- مکتبۂ جامعہ دہلی

یہ ایک مختصر ڈراما ہے جس میں جذبات کی بلندی اور مادی ضروریات کی کشمکش کو مزاحیہ رنگ میں بطور تمثیل پیش کیا گیا ہے۔ ایک مصور اپنی فن کاری میں اتنا مصروف ہے کہ اسے گھر کی ضروریات کا کوئی پتہ ہی نہیں ہے۔ بیوی تنگ آکر زہر کھالیتی ہے اور ادھر مصور بھی بیوی کے تقاضوں سے چھٹکارا پانے کے لئے زہر کھا کر خودکشی کرنا چاہتا ہے لیکن یہ زہر اتفاق سے مہلک نہیں ہے۔ دونوں زہر کے اثر سے "ملاءِ اعلیٰ" میں پہنچ جاتے ہیں اور وہاں باہمی صلح ہو جاتی ہے۔ ڈرامہ دلچسپ اور عام فہم زبان میں لکھا گیا ہے۔

سمن پوش از مجنوں گورکھپوری تقطیع خورد ضخامت ۱۴۷ صفحات طباعت و کتابت متوسط قیمت مجلد عہ ر پتہ :- مکتب خانہ علم و ادب جامع مسجد اردو بازار دہلی

مجنوں صاحب گورکھپوری اردو زبان کے پرانے اور مشہور افسانہ نگار ہیں اور آپ کے افسانوں کی خصوصیت یہ ہے کہ ان میں رومانیت اور جذباتیت کے ساتھ ایک مخصوص قسم کی نفسیاتی انفرادیت (Pshychological Individualism.) اور ایک طرح کی عقلیت و علمیت پائی جاتی ہے زبان عموماً بہت شستہ اور بلیغ و رواں لکھتے ہیں۔ اس مجموعہ میں پانچ افسانے اور ایک مضمون (جو روحانیات سے متعلق لکھنؤ کے رسالہ جن میں شائع ہوا تھا) شامل ہیں۔ انھیں افسانوں میں "سمن پوش" بھی ہے جس کی نسبت ایک مرتبہ نگار میں ایک ٹریجڈی شائع ہوئی تھی۔ فرصت کے لمحات میں پڑھنے کی چیز ہیں۔